سوال

ستر ہزار بندے جنت میں جائیں ‘‘والی حدیث کی تحقیق

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث مبارکہ کا مفہوم ہے جس میں اللہ کے وہ ستر ہزار بندے جو بغیر حساب کتاب کے جنت میں جائیں گے وہ دم نہیں کرواتے ۔ میرا سوال ہے کہ کیا شرکیہ دم مراد ہے یا کوئی بھی دم جو کہ صحیح بھی ہو۔ اور کیا میں یہ دعا کر سکتا ہوں کہ اللہ مجھے ان ستر ہزار میں شامل فرماء ے ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اہل علم کی تصریح کے مطابق اس سے مراد کوئی بھی دم ہے اور اس کی حکمت یہ بیان کی گئی ہے کہ دم وغیرہ میں دم کی طرف حاجت کا اظہار ہے جو کمال توحید اور کمال توکل کے منافی ہے لہذا دم جائز ہے، لیکن افضل عمل نہیں ہے ۔

اسی طرح آپ کے لیے یہ دعا کرنا مشروع ہے کہ اللہ تعالی آپ کو ان ستر ہزار افراد میں شامل کرے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتوی

فتوی کمیٹی